
# A-3: Learning Material on Natural Disasters and Survival Techniques for Class 1st, 2nd and 3rd

**Natural Disasters and Survival Techniques for Class 1st, 2nd and 3rd**

(Learning material on disaster management education)

# قدرتی آفات اور بچاؤ کے طریقے

## اوّل تا سوم



تدریسی مواد ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایجوکیشن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

اِنسانی تاریخ گواہ ہے کہ بنی نوع اِنسان کو طرح طرح کی قُدرتی آفات کا سامنا رہا ہے۔ قُدرتی آفات کو ٹالا نہیں جا سکتا۔ زلزلہ بھی قُدرتی آفت ہے۔ 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلے میں ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں۔ ذرا غور کریں تو یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ اتنے بڑے پیمانے پر اِنسانی تباہی زلزلے سے نہیں بلکہ کمزور اور ناقص عمارات کے گِر جانے سے ہوئی۔ مزید برآں لوگوں کے پاس اِس ہنگامی صُورتِ حال سے نمٹنے کا نہ تو کوئی علم تھا نہ مہارتیں۔

موجُودہ صُورتِ حال اور مُستقبل کے خطرات کے پیشِ نظر "جائیکا سٹڈی ٹیم" نے آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں ایک گرلز ہائی سکول کی زلزلہ پروف عمارت کی تعمیر کا آغاز کیا اور ساتھ ہی یہ فیصلہ بھی کیا کہ اِبتدائی جماعتوں کے طلبہ کے لیے ایسا تدریسی مواد تیار کیا جائے جس کے ذریعے بچوں میں زلزلے کے منفی اثرات کو زائل کر کے نیا عزم و حوصلہ پیدا کرنے کی کوشش کی جائے نیز اُنھیں زلزلے کے بارے میں مُفید معلومات اور اہم حفاظتی تدابیر سے بھی رُوشناس کیا جائے۔

یہ تدریسی مواد بچوں کی ذہنی سطح اور نفسیاتی تقاضوں کو پیشِ نظر رکھتے ہُوئے کہانی کے انداز میں تخلیق کیا گیا ہے۔ یہ دو کتابچوں پر مُشتمل ہے۔ سرورق اور اندر کی تصاویر پاکستان کی پہلی خاتون کارٹونسٹ نگار نذر نے بنائی ہیں جس کے لیے ہم اُن کے شکر گزار ہیں۔ اِس کی تیاری اور نظرِ ثانی کے دوران محکمۂ تعلیم مُظفر آباد اور جیالوجیکل سروے آف پاکستان کے ماہرین کا بھرپُور عملی تعاون اور رہنمائی حاصل رہی ہے۔ اس کی موٴثر تدریس کے لیے اساتذہ کرام کو تربیت بھی دی جائے گی۔ یہ تدریسی مواد بچوں کے ساتھ ساتھ اساتذہ کرام اور والدین کے لیے بھی نہ صرف مُفید ہے بلکہ اس کی افادیت اُن کے بھرپُور تعاون پر مُنحصر ہے۔

# عنوانات


| | | |
|---|---|---|
| ☆ | قدرتی آفات | 8-1 |
| ☆ | زلزلہ اور حفاظتی تدابیر | 17-9 |
| ☆ | لینڈسلائیڈز کی اقسام اور نشانیاں | 29-18 |
| ☆ | والدین کے لیے عملی پیغامات | 30 |


اکتوبر
8
السلام علیکم
وعلیکم السلام
کیا آپ جانتے ہیں کہ آٹھ اکتوبر کو کیا ہوا تھا؟
میڈم صبا! زلزلہ آیا تھا
زلزلہ سے کیا ہوا؟
زلزلے سے بہت نقصانات ہوئے



8 اکتوبر 2005ء کے زلزلے سے بڑی تباہی ہوئی۔ لاکھوں مکانات گر گئے۔
ہزاروں لوگ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ سکولوں کی عمارتیں گر گئیں۔ بہت سے
اساتذہ اور بچے بھی شہید ہو گئے۔




آیئے اُن لوگوں کے لیے دُعا کرتے ہیں جو اس حادثے میں فوت ہوئے۔





فاتحہ خوانی اور دعا

# اُن تمام دوستوں کا شکریہ

## جنہوں نے اس مشکل وقت میں ہماری مدد کی





ہمیں زندہ رہنا ہے اور آگے بڑھنا ہے


کیا زلزلے کے علاوہ اور بھی قدرتی آفات ہوتی ہیں؟
جی ہاں
کیا آپ کسی آفت کا نام بتا سکتے ہیں؟
جی ہاں ، آندھی، شدید بارش، لینڈ سلائیڈ اور شدید برف باری
بہت خوب! اس کے علاوہ بھی قدرتی آفات ہیں جیسے سمندری طوفان (سونامی)

# قدرتی آفات کی اقسام

## کیچڑ کا سیلاب



Source: http://sd.water.usgs.gov/projects/1972flood/photos/slide35.jpg

## سیلاب



Source: http://www.weatherbook.com/images/9_24_03_web.jpg

## جنگل میں آگ لگنا



Source : http://www.lbl.gov/Publications/Currents/Archive/images/Feb-21-2003/forest_fire.jpg

## برفانی طوفان



Source : Islamic Relief

# قدرتی آفات کی اقسام

## سونامی




Source : http://www.astraea.net/images/TsunamiPhuket.jpg

## گرد کا طوفان



Source :http://charquinho.weblog.com.pt/arquivo/australian%20dust%20storm%2012nov02.jpg

## سائیکلون




Source: http://blog.empyree.org/images/formidables/formidables-cyclones_2.jpg

## آسمانی بجلی (Thunder)



Source: http://www.thunderbay.worldweb.com/FeaturesReviews/TownCityReviews/8-854.html



شدید زلزلہ بہت بڑی قدرتی آفت ہوتی ہے۔
لیکن زلزلے آتے کیسے ہیں؟
چونکہ زمین متحرک ہے اس کی پلیٹوں کی حرکت کی وجہ سے زلزلے آتے ہیں
زمین متحرک ہے!
جی ہاں! آتش فشاں پہاڑ سے لاوا کا نکلنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ زمین متحرک ہے۔









جب پلیٹیں ٹوٹ جاتی ہیں تو زمین
زورزور سے ہلنے لگتی ہے، یہ زلزلہ ہوتا ہے۔




ٹھیک ہے۔ بات سمجھ آ گئی ہے
مگر کیسے پتا چلے گا کہ زلزلہ کب آئے گا؟
بڑا اچھا سوال ہے۔ زلزلے کا پہلے سے پتا نہیں چل سکتا۔ لیکن ہمیں تیار رہنا چاہیے۔ جب زلزلہ آ جائے اور گھر سے باہر ہوں تو گرنے والی چیزوں سے دور ہٹ جائیں۔




اور اگر گھر یا سکول میں ہوں؟
کسی میز کے نیچے گھس جائیں
سر کو بچانے کی ہر صورت ضرور کوشش کریں

جب سکول سے نکل کر محفوظ جگہ کی طرف جانے لگیں تو

ہدایات کو توجہ سے سنیں




ایک دوسرے کو دھکا نہ دیں


بھگدڑ نہ مچائیں



کسی صورت بھی واپس نہ پلٹیں



واپس
مت جاؤ!





اپنے پاس ہمیشہ ایک چھوٹی سے نوٹ بک رکھیں جس میں اپنے گھر کا پتا قریبی
رشتے داروں اور دوستوں کے پتے اور ٹیلی فون نمبر درج ہوں۔






## لینڈ سلائیڈ کئی قسم کی ہوتی ہے

## اونچائی سے مٹی کے تودوں اور پتھروں کا نیچے گرنا



# لینڈ سلپ



زمین میں دراڑ پڑ کر بیٹھ جانا
یا زمین کا کٹ کر سرکنا اور بیٹھ جانا




# اونچائی سے گرتی مٹی سے کیچڑ کا سیلاب بن جانا






مجھے بھی پہاڑ میں ایک دراڑ نظر آئی تھی
ہاں یہ بھی ایک نشانی ہے







پہاڑ پر سے کنکروں اور پتھروں کا لڑھکنا




ندی نالوں کے پانی کا گدلا ہو جانا


بارش بھی ہو رہی ہو مگر ندی میں پانی کی سطح کم ہو جائے


ندی نالوں کا پانی تیزی سے بڑھنا شروع ہوجائے





ندی نالوں کا پانی اچانک رُک جائے




زمین سے گڑگڑاہٹ کی آواز


ر ر ر مبل ل ل!


ہم لینڈ سلائیڈ سے کیسے بچ سکتے ہیں؟
آپ کھلی اور محفوظ جگہ کی طرف جائیں


محفوظ جگہ کون سی ہو گی؟
وہ جگہ جو کھلی ہو اور خطرے
کے علاقے سے دور بھی ہو
OPD - ہسپتال
School



# والدین کے لیے عملی پیغامات

۱۔ حفاظتی کِٹ (KIT) تیار رکھیں

۲۔ بچوں کے ساتھ بات کریں کہ بچاؤ کے لیے کہاں اور کس راستے سے جانا ہے

۳۔ ہر بچے کی چھوٹی سی ڈائری میں پتا اور ٹیلی فون نمبر لکھ دیں



جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی اور گورنمنٹ آف آزاد جموں وکشمیر